28/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عابدہ اختر

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج اتر پردیش کے 2 روزہ دورے پر جارہے ہے جہاں وہ آج شام اپنے پارلیمانی □لقے وارانسی میں قریباً 6 ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔

شیو راج سنگھ چوہان

سرینگر میں پردھان SKICC زراعت اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیرشیو راج سنگھ چوہان آج منتری گرام سڑک یوجنا کے پانچویں مر□لے کے دوسرے بیچ کا آغاز کریں گے ۔ اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کو سونپیں گے ۔ اس کے علاوہ Approval Letter مرکزی وزیر اس کا کے ت□ت 24 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لئے 4 DAY-NRLM مرکزی وزیر ہزار 568 کروڑ روپے بھی واگزار کریں گے ۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے جموں کشمیر کے نوجوانوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کے لئے اپنے عزم کو دہراتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بدعت ہمارے سماجی تانے بانے کو بری طرح متاثر ریلی Bike کر رہی ہے ۔ ادھمپور میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے ت□ت منعقدہ پد یاترا اور کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد ایل جی نے کہا کہ سماج کے ہر فرد کو منشیات کے خلاف جنگ میں اپنا کلیدی رول ادا کرنا چاہئے ۔

انہوں نے کہا کہ لوگوں کے اشتراک سے سماج کو اِس بدعت سے چھُٹکارا دلایا جائے گا اور اس جنگ کو ہم جیتنے میں کامیاب ہو جائیں گے ۔

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

اِدھر سرینگر میں بھی تین مئی کو نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ایک پد یاترا کا انعقاد ہو رہا ہے ۔ صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے اس سلسلے میں انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ کے دوران انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا ۔

اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ اس یاترا میں تقریباً 35 ہزار لوگ شرکت کر رہے ہیں ۔

پولیس

دریں اثنائنشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت کل بھی سول انتظامیہ اور پولیس کے اہتمام سے مختلف اضلاع میں ریلیاں اور دیگر پروگرام جاری رہے۔

ا

دھر پولیس نے بھی منشیات فروشوں کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے کل وادی کے ± مختلف علاقوں سے 7 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا اور
ا

ن کے قبضے سے منشیات بھی برآمد کی۔±

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ سرکار تکنیکی تعلیم کے شعبے کو بھی اولین ترجیح دے رہی ہے کیونکہ اس کی بدولت بھی سماج اور اقوام کی تعمیر مضبوط بن جاتی ہے ۔ وہ GCET جموں میں سکول آف Architecture کی عمارت کا افتتاح کر رہے تھے۔

بعد میں وزیر اعلیٰ نے میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ جموں اور سرینگر کے درمیان چلنے والی ریل گاڑی سے سیاحتی منظر نامے کو دوام حاصل ہو گا ۔

لداخ

مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ کے لیفٹنٹ گورنر وی کے سکسینہ نے لداخ میں پانچ نئے ضلعوں کے قیام کو منظوری دی ہے ۔ ان نئے ضلعوں میں نوبرا، شام ،چیانگ تھانگ، زنسکار اور دراس شامل ہیں ۔

واضح رہے کہ اس سے پہلے لداخ یوٹی میں لیہہ اور کرگل دو ضلعے تھے اور اب یوٹی میں ضلعوں کی کل تعداد 7 ہوگی ۔

کشمیر یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی میں ”بھارتی زبانوں میں ترجمہ- کشمیری اور سنسکرت“ کے عنوان سے کل تین روزہ سکل ڈیولپمنٹ ورکشاپ شروع ہوا۔ یونیورسٹی کے شعبہ کشمیری ،نیشنل ٹرانسلیشن مشن میسور کے مشترکہ اہتمام سے منعقد کئے گئے۔ اس Languages اور سینٹرل انسٹیچوٹ آف ورکشاپ کا مقصد شرکاءکو ترجمہ نگاری کے مختلف پہلوو

ں کے بارے میں جانکاری فراہم کرنا ہے۔ ورکشاپ کے افتتا□ی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ۂ یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے کہا کہ ترجمہ کاری زبانوں اور نظام تعلیم کو جوڑنے میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔

بڈگام

Census 2027 کے سلسلے میں بڈگام میں کل سے تین روزہ تربیتی پروگرام شروع ہوا ۔ اس آفیسر بھی ہیں نے بھی Census پروگرام میں ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان جو کہ پرنسپل میں شامل اہلکاروں کو ضروری تربیت فراہم کرنا ہے تاکہ Census شرکت کی۔ پروگرام کا مقصد یہ کام خوش اسلوبی کے ساتھ انجام دیا جا سکے ۔

شوپیان

شوپیان ضلعے میں مواصلاتی ڈھانچے کو مست□کم بنانے کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا کی صدارت میں ڈسٹرکٹ لیول ٹیلی کام کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ انہوں نے مواصلاتی کمپنیوں سے کہا کہ وہ ضلعے کے دور دراز علاقوں میں بھی اپنی خدمات میسر رکھیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا □افظ

****